# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F.2/08/2020/S.I/partfile/197 Dated:26.05.2020

### حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار نے اپنے حکم نامے D.O.No.40-3/2020-DM-(A) مؤرخہ 20.05.2020 (نقل منسلک) میں، مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ، طلبہ کی کثیر تعداد کے تعلیمی مفاد میں دسویں اور بارہویں کلاسوں کے بورڈ کے امتحانات منعقد کرنے کے لیے لاک ڈاؤن کے نفاذ سے استثنیٰ کا اعلان کیا ہے:

a) تحدیدی مقامات (ContainmentZones) پر امتحانات کا کوئی مرکز قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
b) اساتذہ، اسٹاف اور طلبہ کے لیے ماسک پہننا لازمی ہوگا۔
c) امتحانات کے تمام مراکز میں سماجی فاصلے اور تھرمل اسکریننگ اور سینی ٹائزر کا انتظام ہوگا۔
d) مختلف بورڈوں کے ذریعے منعقد کیے جانے والے امتحانات کے پیش نظر، ان کے امتحانات کے نظام الاوقات میں فاصلہ رکھا جائے گا۔
e) طلبہ کو امتحانات کے مراکز تک لانے لیجانے کے لیے ریاستوں اور مرکزی علاقوں کی حکومتیں خصوصی بسوں کا انتظام کریں گی۔

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعۂ ہٰذا سی بی ایس ای کے چیئرپرسن، سیکرٹری (تعلیمات)، سیکرٹری نیز کمشنر (ٹرانسپورٹ)، تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور ان کے ہم منصب پولیس کے ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنروں کو دسویں اور بارہویں کلاسوں کے امتحانات کے بلا رکاوٹ اور حسب قواعد انعقاد کے لیے وزارت داخلہ، بھارت سرکار کے ذریعے جاری کردہ مذکورہ بالا ہدایات کی سختی سے تعمیل کی ہدایت کرتا ہے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

بخدمت:

1. چیئرپرسن، سی بی ایس ای
2. سیکرٹری (تعلیمات)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
3. سیکرٹری نیز کمشنر (ٹرانسپورٹ)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
4. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
5. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر آف پولیس
6. ڈائرکٹر (ڈی آئی پی)، خطہ قومی راجدھانی دہلی میں وسیع تشہیر کے لیے

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر ٹرانسپورٹ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، دہلی
10. کمشنر آف پولیس، دہلی
11. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
12. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
13. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر ڈالنے کے لیے۔
14. گارڈ فائل

اجے بھلہ، آئی اے ایس
داخلہ سیکرٹری
بھارت سرکار
نارتھ بلاک
نئی دہلی

D.O.No. 40-3/2020-DM-I(A)

20th May, 2020

ڈیر چیف سیکرٹری،

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ لاک ڈاؤن کے نفاذ کی رہنما ہدایات کے تحت اسکولوں کے کھلنے پر پابندی ہے۔ نتیجتاً ریاستی ایجوکیشن بورڈوں / سی بی ایس ای / آئی سی ایس ای وغیرہ کے ذریعے منعقد کیے جانے والے دسویں اور بارہویں کلاسوں کے بورڈ کے سالانہ امتحانات ملتوی کر دیے گئے ہیں۔

2۔ ریاستی حکومتوں اور سی بی ایس ای سے بورڈ کے امتحانات منعقد کرنے کے لیے درخواستیں موصول ہوئی ہیں اور اس معاملے پر وزارت داخلہ میں غور کیا گیا ہے۔ طلبہ کی کثیر تعداد کے تعلیمی مفاد کے پیش نظر، دسویں اور بارہویں کلاسوں کے بورڈ کے امتحانات منعقد کرنے کے لیے انھیں لاک ڈاؤن کے نفاذ سے مستثنیٰ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

3۔ تاہم بورڈ کے امتحانات کا استثنیٰ مندرجہ ذیل پابندیوں کے تحت ہو گا:

a) تحدیدی مقامات (ContainmentZones) پر امتحانات کا کوئی مرکز قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
b) اساتذہ، اسٹاف اور طلبہ کے لیے ماسک پہننا لازمی ہو گا۔
c) امتحانات کے تمام مراکز میں سماجی فاصلے اور تھرمل اسکریننگ اور سینی ٹائزر کا انتظام ہو گا۔
d) مختلف بورڈوں کے ذریعے منعقد کیے جانے والے امتحانات کے پیش نظر، ان کے امتحانات کے نظام الاوقات میں فاصلہ رکھا جائے گا۔
e) طلبہ کو امتحانات کے مراکز تک لانے لیجانے کے لیے ریاستوں اور مرکزی علاقوں کی حکومتیں خصوصی بسوں کا انتظام کریں گی۔

نیک خواہشات کے ساتھ،

مخلص،

(اجے بھلہ)

تمام ریاستوں کے چیف سیکرٹری
(منسلکہ معیاری فہرست کے مطابق)